مدینہ ڈائری

۱۴۳۳ھ

۱۴۳۴ھ

مکتبۃ المدینہ
(دعوتِ اسلامی)

فیضانِ مدینہ محلہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، بابُ المدینہ (کراچی)

فون: 021-34921389-93 Ext: 1284

Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصۡحٰبِکَ یَاحَبِیۡبَ اللّٰہِ

فہرست

مضامین	صفحہ
ذاتی صفحہ	۲
دردِ دل کر مجھے عطا یارب	۳
حرزِ جاں ذکر شفاعت کیجئے	۴
دعوتِ اسلامی کے آٹھ مدنی پھول	۵
شجرۂ عطاریہ	۱۰
آدابِ مرشدِ کامل	۱۲
مدنی مشورے میں پڑھ کر سنانے کے لئے 19 مدنی پھول	۱۳
مدَنی مشورے کے 19 مدَنی پھول	۱۶
بُزرگانِ دین کے ایام وصال واعراس	۱۸
بین الاقوامی ڈائریکٹ ڈائلنگ کوڈ	۲۳
این ڈبلیوڈی/ایس ٹی ڈی کوڈ نمبر	۲۴
ایمرجنسی ٹیلیفون نمبر	۲۵
تعطیلات	۲۶
کیلنڈر	۲۷
دشمن سے حِفاظت کے دو مدَنی نسخے	۳۰
اذان وخطبہ سے پہلے یہ اعلان کیجئے	۳۱
خطبات	۳۲
اعراسِ بُزرگانِ دین (مہینوں کے اعتبار سے)	۶۸

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

مَدَنی مقصد مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

ذاتی صَفْحَہ

نام: ______________________________

پتا گھر: ______________________________

____

فون گھر: ______________ فون دفتر: ______________

موبائل: ______________ فیکس: ______________

ای میل: ______________ شناختی کارڈ نمبر: ______________

ڈرائیونگ لائسنس نمبر: ______________________________

پاسپورٹ نمبر: ______________________________

اگر آپ کو یہ ڈائری ملے تو اُوپر تحریر کردہ پتے پر پہنچا کر ممنون فرمائیں شکریہ

دردِ دل کر مجھے عطا یارب عَزَّوَجَلَّ

دردِ دل کر مجھے عطا یا رب
دے مرے درد کی دوا یا رب

لاج رکھ لے گناہگاروں کی
نام رحمٰن ہے ترا یا رب

بے سبب بخش دے نہ پوچھ عمل!
نام غفار ہے ترا یا رب

ٹیس کم ہو نہ دردِ الفت کی
دل تڑپتا رہے مرا یا رب

سَبَقَتْ رَحْمَتِیْ عَلٰی غَضَبِیْ
تونے جب سے سنا دیا یا رب

آسرا ہم گناہگاروں کا
اور مضبوط ہوگیا یا رب

تو نے میرے ذلیل ہاتھوں میں
دامنِ مصطفٰے دیا یا رب

ہر بھلے کی بھلائی کا صدقہ
اس برے کو بھی کر بھلا یا رب

مجھے دونوں جہاں کے غم سے بچا
شاد رکھ شاد دائما یا رب

دشمنوں کے لئے ہدایت کی
تجھ سے کرتا ہوں التجا یا رب

تو حسنؔ کو اٹھا حسن کرکے!
ہو مع الخیر خاتمہ یا رب

(حضرت مولانا حسن رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن) (ذوق نعت ص ۴۷ تا ۵۰ ضیاء الدین پبلیکشنز کراچی)

نعت شریف

حِرزِ جاں ذکرِ شفاعت کیجئے

حِرزِ جاں ذکرِ شَفاعت کیجئے
نار سے بچنے کی صورت کیجئے

ان کے در پہ جیسے ہو مِٹ جایئے
ناتوانو! کچھ تو ہمت کیجئے

آنکھ تو اٹھتی نہیں دیں کیا جواب
ہم پہ بے پُرسش ہی رحمت کیجئے

عُذْر بد تر از گنہ کا ذکر کیا
بے سبب ہم پر عنایت کیجئے

ہم تمہارے ہو کے کس کے پاس جائیں
صدقہ شہزادوں کا رحمت کیجئے

عالِمِ علمِ دو عالَم ہیں حضور
آپ سے کیا عرض حاجت کیجئے

تجھ سے کیا کیا اے مرے طیبہ کے چاند
ظلمتِ غم کی شکایت کیجئے

در بدر کب تک پھریں خستہ خراب
طیبہ میں مدفن عنایت کیجئے

ہر برس وہ قافلوں کی دھوم دھام
آہ! سنئے اور غفلت کیجئے

اپنی اِک میٹھی نظر کے شہد سے
چارۂ زہرِ مصیبت کیجئے

جو نہ بھولا ہم غریبوں کو رضاؔ
یاد اس کی اپنی عادت کیجئے

(امام اہلسنت مولانا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن) (حدائق بخشش ص 154-158 مطبوعہ: مدینہ پبلشنگ کمپنی کراچی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

امیرِاہلسنت مد ظلہ العالی کی طرف سے فیضانِ رضا کے آٹھ حروف کی نسبت سے دعوتِ اسلامی کے آٹھ مدنی پھول

مدینہ ۱ **دعوتِ اسلامی** کا بُنیادی مقصد **اسلامیات** کو دُنیا کے لوگوں تک اِس طرح پہنچانا کہ مُبلِّغین خود بھی سنّتوں سے آراستہ رہیں اور مُناظرانہ ردّ کو ماہرِ فن عُلَماءِ اہلسنّت پر چھوڑ کر تبلیغ و اشاعت کا کام کرتے رہیں۔

مدینہ ۲ اسلامیات سے مُراد شَہَنشاہِ خوش خِصال، سلطانِ شیریں مَقال، پیکرِ حُسن و جمال، مَخزنِ عَظَمت وکمال، دافِعِ رنج و ملال، صاحِبِ جُود و نَوال، رسولِ بے مثال، بی بی آمِنہ کے لال، **محبوبِ ذُوالْجَلال** صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہ وسلم کے وہ اَقوال واَفعال ہیں جن پر حضرت سیِّدُنا امامِ اعظم ابوحنیفہ، حضرتِ سیِّدُنا امام مالِک، حضرتِ سیِّدُنا امامِ شافِعی، حضرتِ سیِّدُنا امام احمد بن حنبل رضی اللہ تعالیٰ عنہم قائم رہے۔ سیِّدُنا امامِ اَبوالحسن اَشعَری، سیِّدُنا امام ابومَنصور ماتُریدی رضی اللہ تعالیٰ عنہما جن کی تعلیم دیتے رہے۔ سرکارِ بغداد حُضُورِ غوثِ پاک حضرتِ سیِّدُنا شیخ عبدُ القادِر جیلانی، سرکارِ غریب نواز حُضُورِ سیِّدُنا خواجہ مُعینُ الحقِّ وَالدّین چشتی، حُضُور سیِّدُنا شیخ شہابُ الحقِّ وَالدّین سُہروردی، حُضُور سیِّدُنا شیخ بہاؤ الحقِّ وَالدّین نَقشبندی رضی اللہ عنہم اجمعین جن کے عامِل رہے۔ **عُلَماءِ اہلسنّت مَثَلاً** صاحِبِ ردُّالمُحتار، خاتِمُ الفُقَھاء سیِّدُنا شیخ سیِّد محمد امینُ الدّین ابنِ عابِدین شامی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، سیِّدُنا شاہ مُلّا جِیْوَن ہندی رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ، سیِّدُنا شاہ عبدُ العزیز مُحَدِّث دِہلوی علیہ رحمۃ اللہ القوی وغیرھُم جن کے قائل رہے، خُصُوصاً میرے ولیٔ نعمت، میرے آقا **اعلیٰ حضرت، اِمامِ اَہلِسُنّت** عظیمُ البَرَکت، عظیمُ المَرتَبَت، پروانۂ شمعِ رِسالت، مُجَدِّدِ دین ومِلّت، حامیٔ سنّت، ماحِیٔ بِدعت، عالِمِ شَرِیعَت، پیرِ طریقت باعِثِ خَیر و بَرَکت، حضرتِ عَلّامہ مولٰنا اَلْحاج اَلْحافِظ اَلْقاری **شاہ** امام اَحمد رَضا خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن کہ جنہوں نے ان کی تَصرِیحات کو اپنی تصانیفِ مبارکہ میں بیان کردیا اور اس کو **اَلْمُعْتَمَدُ الْمُسْتَنَد**، تَمْہِیْدُ الْاِیْمَان اور حُسَامُ الْحَرَمَین وغیرہ کُتُبِ مُفیدہ میں واضح فرمادیا ہے۔

مدینہ ۳ تمام اسلامی بھائی اور اسلامی بہنیں مَسلکِ اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر **مضبوطی سے قائم رہیں**، اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا مسلک وُہی ہے جو صَحابۂ کِرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم اور سَلَفِ صالحین عِظام رَحِمَہُمُ اللہ تعالیٰ کا مسلک تھا، یعنی اللہ عزوجل کو ایک مان کر اُسی کی بندگی اور شَہَنشاہِ مدینہ، سلطانِ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ

باقرینہ، سُرورِ قلب وسینہ، فیض گنجینہ، صاحِبِ مُعَطّر پسینہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو اُس کا بھیجا ہوا سچّا اور آخِری رسول ماننا، نیز اللہ و رسول عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی مَحَبَّت وعَظمت کی مُکمَّل پاسداری کرنا، ضَروریاتِ دین میں سے کسی کا بھی اِنکار نہ کرنا، نیز اللہ ورسول وصَحابہء کِرام عزوجل وصلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ورضی اللہ تعالیٰ عنہم وغیرہُم کی توہین و تنقیص سے مُکمَّل دُور اور گستاخوں سے دُور ونُفور رَہنا وغیرہ وغیرہ۔

مدینہ۴ اسلام میں عُلماءِ حق کی بَہت زیادہ اَہمیّت ہے اور وہ علمِ دین کے باعِث عوام سے افضل ہوتے ہیں، غیرِ عالِم کے مقابلے میں عالِم کو عبادت کا ثواب بھی زیادہ ملتا ہے، چُنانچہ حضرتِ محمد بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہما سے مَروی ہے، ''عالِم کی دو رَکعتُ غیرِ عالِم کی ستر رَکعتُ سے افضل ہے۔'' (کنز العمال کتاب العلم، حدیث 28783، ج10، ص67) لہٰذا دعوتِ اسلامی کے تمام وابَستگان بلکہ ہر مسلمان کے لئے ضَروری ہے کہ وہ عُلَمائے اہلسنّت سے ہرگز نہ ٹکرائیں، ان کے ادب واحترام میں کوتاہی نہ کریں، عُلَمائے اہلسنّت کی تحقیر سے قطعًا گُریز کریں، بلا اجازتِ شَرعی ان کے کردار اور عمل پر تنقید کرکے غیبت کا گناہِ کبیرہ، حرام اور جھنّم میں لے جانے والا کام نہ کریں، حضرتِ سیّدُنا ابو الحفص الکبیر علیہ رحمۃ القدیر فرماتے ہیں، جس نے کسی عالِم کی غیبت کی تو قِیامت کے روز اُس کے چہرے پر لکھا ہوگا، ''یہ اللہ کی رَحمت سے مایوس ہے۔'' (مُکاشَفَۃُ القُلُوب، باب فی بیان الغیبۃ والنمیمۃ، ص71) حضرتِ سیّدُنا ابوذَر غِفاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت ہے، ''عالِم زمین میں اللہ عزوجل کی دلیل وحُجّت ہے تو جس نے عالِم میں عیب نِکالا وہ ہلاک ہوگیا۔ (کنزُ العُمّال، کتابُ العلم، حدیث 28669، ج 10، ص 59) میرے آقا اعلیٰ حضرت مولٰینا شاہ احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن فرماتے ہیں، ''اُسکی (یعنی عالِم کی) خطا گیری (یعنی بھول نکالنا) اور اُس پر اعتِراض حرام ہے اور اِس کے سبب رہنمائے دین سے کَنارہ کش ہونا اور اِستِفادَہ مسائل چھوڑ دینا اِس کے حق میں زَہر ہے۔'' (فتاویٰ رضویہ، ج 23، ص 711) اُن نادان لوگوں کو ڈر جانا چاہئے جو بات بات پر عُلَمائے کِرام کے بارے میں توہین آمیز کلمات بک دیا کرتے ہیں، مَثَلاً بھئی ذرا بچ کر رہنا ''علّامہ صاحِب'' ہیں، عُلَما لالچی ہوتے ہیں، ہم سے جلتے ہیں، ہماری وجہ سے اب ان کا کوئی بھاؤ نہیں پوچھتا، چھوڑو چھوڑو یہ تو مولَوی ہے۔ (معاذَ اللہ عالِم کو بعض لوگ حقارت سے کہہ دیتے ہیں) یہ مُلا لوگ۔ عُلَما نے (مَعاذَ اللہ) سُنّیت کا کوئی کام نہیں کیا (بعض اوقات ناپسندیدگی کا اِظہار کرتے ہوئے کہہ دیا جاتا ہے) فُلاں کا اندازِ بیان تو مَولَویوں والا ہے وغیرہ وغیرہ۔ عالِم کی توہین کی صورتیں اور ان کے بارے میں حکمِ شَرعی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

بیان کرتے ہوئے میرے آقا اعلیٰ حضرت رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں، ''اگر عالِمِ دین کو اِس لئے بُرا کہتا ہے کہ وہ ''عالِم'' ہے جب تو صَریح کافِر ہے اور اگر بوجہِ عِلم اُس کی تعظیم فرض جانتا ہے مگر اپنی کسی دُنیوی خُصُومت (یعنی دشمنی) کے باعِث بُرا کہتا ہے، گالی دیتا ہے اور تَحقیر کرتا ہے تو سخت فاسِق وفاجر ہے اور اگر بے سبب (یعنی بلاوجہ) رنج (بُغض) رکھتا ہے تو مَرِیْضُ الْقَلْبِ وَ خَبِیْثُ الْبَاطِنِ (یعنی دل کا مریض اور ناپاک باطِن والا) ہے اور اُس (یعنی خواہ مخواہ بُغض رکھنے والے) کے کُفر کا اندیشہ ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج 21، ص 129) ''خُلاصہ'' میں ہے ، مَنْ اَبْغَضَ عَالِمًا مِّنْ غَیْرِ سَبَبٍ ظَاہِرٍ خِیْفَ عَلَیْہِ الْکُفْرُ یعنی جو بلا کسی ظاہِر وجہ کے عالِمِ دین سے بُغض رکھے اُس پر کُفر کا خوف ہے۔'' (خلاصۃ الفتاویٰ، کتاب الفاظ الکفر، الفصل الثانی فی الفاظ الکفر الخ، ج 4، ص 388)

شَرِیعت وعُلَمائے دین کی تَحقیر کے بعض کُفریہ کلمات و انداز کی مثالیں پیش کی جاتی ہیں، اگر مَعَاذَ اللہ عزوجل کسی نے ماضی میں اپنے قول یا فِعل سے عالِم کی بسببِ عِلمِ دین توہین کر ڈالی ہو تو وہ توبہ وتَجدیدِ ایمان کرلے اور اگر شادی شدہ ہو تو تجدیدِ نکاح اور کسی کا مُرید ہو تو تَجدیدِ بَیْعت بھی کرلے۔

☆ شَرِیعت کی توہین کرنا کُفر ہے مَثَلاً کہے، میں شَرع وَرع نہیں جانتا یا جس کو کسی مُحتاط عالِمِ دین کا فتویٰ پیش کیا گیا اُس نے کہا، میں فتویٰ نہیں مانتا یا فتویٰ زمین پر پٹک دیا۔ (ماخوذ از بہارِ شریعت ج 2، حصہ نہم، ص 465) ☆ ''مولوی لوگ کیا جانتے ہیں،'' اِس (جملے) سے ضَرور عُلَماء کی تَحقیر نکلتی ہے اور عُلَماء کی تَحقیر کُفر ہے۔ (فتاویٰ رضویہ، ج 14، ص 244) ☆ جو کہے مولوی سب بدمَعاش ہیں یعنی سب عُلَماء کو بُرا کہے اُس پر حکمِ کُفر ہے۔ (فتاویٰ امجدیہ، ج 4، ص 454) ☆ ''عالِم لوگوں نے دیس خَراب کر دیا،'' کلمۂ کُفر ہے (فتاویٰ رضویہ، ج 14، ص 605) ☆ یہ کہنا بھی کُفر ہے کہ مولویوں نے دین کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔ ☆ یہ کہنا کہ ''دین اللہ تعالیٰ نے تو آسان اُتارا تھا مولویوں نے مشکل کر دیا'' کفر ہے کیونکہ اَلْاِسْتِخْفَافُ بِالْاَشْرَافِ وَالْعُلَمَاءِ کُفْرٌ (یعنی سادات وعُلَما کی تَخفیف وتَحقیر کُفر ہے) (مجمع الانہر، کتاب السیر والجہاد، ج 2، ص 509) ☆ جو کہے، عُلَما جو عِلم سکھاتے ہیں مَحض قصّے کہانیاں ہیں یا خواہشات ہیں یا مَحض دھوکا ہیں یا کہا، میں حِیلوں کے عِلم کا مُنکِر ہوں یعنی شَرِیعت کو حِیلہ کہا یہ تمام اقوال کُفر ہیں۔ (فتاویٰ عالمگیری، کتاب السیر الباب التاسع فی احکام المرتدین، ج 2، ص 270) جو کہے، عِلم کا کیا کروں گا جیب میں روپے ہونے چاہئیں ایسا کہنے والے پر حُکمِ کفر ہے۔ ☆ کسی نے عالِم سے کہا، ''جا اور عِلم کو کسی برتن میں سنبھال کر رکھ''۔ یہ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَا نُوْرَ اللّٰہِ

کُفر ہے۔ (فتاویٰ عالمگیری، کتاب السیر، الباب التاسع فی احکام المرتدین، ج 2، ص271) یاد رہے! تعظیم صِرف عُلمائے اہلسنّت ہی کی کی جائے گی۔ رہے بدمذہب عُلَما (یعنی عُلَمائے سُوء) تو ان کے سائے سے بھی بھاگے کہ ان کی تعظیم حرام، اُن کا بیان سننا ان کی کُتُب کا مُطالَعہ کرنا اور ان کی صُحبت اختیار کرنا حرام اور ایمان کیلئے زہرِ ہلاہل ہے۔

مدینہ۵ معمولاتِ اہلسنّت ہماری پہچان ہے لہٰذا ان کی بجا آوری میں کوتاہی نہ فرمایئے۔ مثلاً

(الف) ربیعُ النُّور شریف میں دھوم دھام سے جشنِ وِلادت منایئے، اپنے مکان اور دُکان وغیرہ پر اِبتِدائی ۱۲ دن چَراغاں اور سارا مہینہ (گاڑیوں پر بھی) سبز سبز پرچم لہرایئے۔ اپنی مسجِد اور مَحَلّے وغیرہ کو بھی بَرقی قُمقُموں اور سبز سبز پرچموں سے خوب سجایئے، شبِ وِلادت (ربیع النور شریف کی ۱۲ ویں رات) اجتماعِ ذِکر و نعت میں گزارنے کے بعد ہاتھوں میں سبز پرچم اُٹھائے کھڑے ہو کر عَین صبحِ صادِق کے وقت صلوٰۃ وسلام پڑھتے ہوئے صبحِ بہاراں کا اِستِقبال کیجئے، **۱۲ ربیعُ النُّور شریف** یعنی **عیدِ میلادُ النَّبی** صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے دن مرحبا کی دھوم میں مچاتا ہوا **جُلوسِ میلاد** نکالیئے۔

(ب) عیدِ مِعراجُ النَّبی علیٰ صاحبہا الصّلوٰۃ والسلام، ایّامِ خُلَفائے راشِدین علیہم الرضوان، سالانہ گیارھویں شریف اور یومِ رضا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سلسلے میں ۲۵ **صَفَرُ المُظفّر** کو اجتماعِ ذِکر و نعت کا اِنعِقاد فرمایئے۔

(ج) اَعراس کے مواقِع پر مَزاراتِ اولیاء رَحِمَھُمُ اللّٰہُ تعالٰی سے مُلحِقہ مساجِد میں مَدَنی قافِلے ٹھہرایئے، اپنے جَدْوَل کے مطابِق وہاں زائرین میں نیکی کی دعوت کی دُھومیں مچایئے اور صاحِبِ عُرس کی خوب بَرَکتیں لوٹیے۔

مدینہ۶ تمام دعوتِ اسلامی والوں کو چاہئے کہ **مرکزی مجلسِ شوریٰ**، اپنے ملک کی انتِظامی کابینہ اور اپنے یہاں کی مجلسِ مُشاوَرت حتّٰی کہ اپنے اپنے ذَیلی نگران کی شریعتِ مُطَہَّرہ کے دائرہ میں رَہ کر اطاعت کرتے ہوئے **دعوتِ اسلامی** کا مَدَنی کام کرتے رہیں۔

مدینہ۷ شیطان **غیبتیں** کروا کر دین کے کام کا بَہُت نقصان کرواتا ہے۔ لہٰذا اگر آپ کسی اسلامی بھائی میں بُرائی پائیں تو دوسروں پر اظہار کر کے غیبت کا کبیرہ گناہ کرنے کے بجائے براہِ راست اُسی کو نرمی کے ساتھ اکیلے میں سمجھائیں اگر ناکامی ہو تو خاموشی اختیار کریں اور اُس کیلئے دعا کریں۔ اگر دینی نقصان کا اندیشہ ہو تو تنہائی میں یا لکھ کر اپنے یہاں کی مُشاوَرت کے "ذَیلی نگران" کا تعاوُن حاصِل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰهِ

کریں جبکہ وہ مسئلہ حل کرسکتا ہو۔ ورنہ شریعت کے تقاضے پورے کرتے ہوئے مزید آگے مثلاً اپنی مُشاورت کے ''حلقہ نگران'' اگر یہ بھی نہ کرسکے تو علاقائی مشاورت کے نگران، پھر تحصیل مُشاورت کے نگران، پھر شہر مُشاورت کے نگران، پھر مُلک کی اِنتظامی کابینہ کے نگران سے رُجوع کریں۔ یاد رکھئے! اگر آپ نے شَرْعی مَصْلَحَت کے بغیر کسی ایک سے بھی خواہ وہ کتنا ہی بڑا ذمّے دار ہو اُس اسلامی بھائی کی بُرائی بیان کی تو یہ کبیرہ گناہ ہوگا۔ اور اگر آپ کی وجہ سے بات عام ہوگئی اور علاقے میں تنظیمی مسائل کھڑے ہوگئے اور سنّتوں کے مَدَنی کام کو نقصان پہنچا تو آپ کی گردن پر دین کے کام میں فَساد برپا کرنے کا اِلزام اور دردناک عذاب کا **اِستِحقاق** ہوگا۔

مدینہ ۸ سنّتوں بھرے اجتماعات وغیرہ میں بیان کی دو صورتیں ہیں:

(الف) وہ مُبلِّغین جو علم وعمل میں مُمتاز ہیں اور تبلیغ کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں (مثلاً درسِ نظامی کرلیا ہے نیز مُطالَعہ وسیع ہونے کے ساتھ ساتھ حافِظہ بھی قوی ہے اور شَرْعی غَلَطیاں نہیں کرتے) ان کو زَبانی بیان کرنے کی اجازت ہے۔

(ب) وہ مُبلِّغین جو علم میں مُمتاز نہیں وہ عُلَمائے اہلسنّت کی کُتُب سے حسبِ ضَرورت فوٹو کاپیاں کرواکر اپنی ڈائری میں چسپاں کرکے اُنہیں دیکھ کر مِن وعَن بیان کریں۔

اے ربِّ (عزّوجلّ) محمّد (صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلّم) بہرِ رضا (رضی اللہ تعالیٰ عنہ)، عطّار (عفی عنہ) کی ہو مقبول دُعا

ہر ''دعوتِ اسلامی والا'' سنّت کا عَلَم لہراتا رہے

اٰمین بِجاہِ النَّبیِّ الْاَمین صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم



اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

شَجَرۂ عالِیّہ

حضراتِ مشائخِ کرام سلسلہ مبارکہ قادِریہ رضویہ ضیائیہ عطاریہ

یاالٰہی رحم فرما مُصطَفٰی[1] کے واسِطے
یارسولَ اللہ کرم کیجیے خُدا کے واسِطے

مُشکِلیں حل کر شہِ مُشکِل کُشا[2] کے واسِطے
کر بَلائیں رد شہید کربلا[3] کے واسِطے

سیّدِ سجاد[4] کے صَدْقے میں ساجد رکھ مجھے
عِلمِ حق دے باقِرِ[5] عِلمِ ہُدیٰ کے واسِطے

صِدْقِ صادِق[6] کا تَصَدُّق صادِقُ الْاِسلام کر
بے غضب راضی ہو کاظِم[7] اور رضا[8] کے واسِطے

بہرِ معروف[9] و سری[10] معروف دے بیخود سری
جُندِ حق میں گِن جُنیدِ[11] باصَفا کے واسِطے

بہرِ شبلی[12] شیرِ حق دُنیا کے کُتّوں سے بچا
ایک کا رکھ عبدِ واحِد[13] بے رِیا کے واسِطے

بُو الفَرَح[14] کا صَدْقہ کر غم کو فَرَح دے حُسن و سَعْد
بُو الحَسَن[15] اور بُوسعیدِ[16] سَعْدِ زا کے واسِطے

قادِری کر قادِری رکھ قادِریوں میں اُٹھا
قدرِ عبدُ القادِرِ[17] قدرت نُما کے واسِطے

اَحْسَنَ اللّٰہُ لَھُمْ رِزْقاً[1] سے دے رِزقِ حَسَن
بندۂ رزّاق تاجُ الاَصفِیاء[18] کے واسِطے

نصرِ اَبی صالح[19] کا صَدْقہ صالح و منصور رکھ
دے حیاتِ دیں مُحیِّ[20] جانفزا کے واسِطے

طُورِ عِرفان و عُلُوّ و حَمد و حُسنٰی و بَہا
دے علی[21] موسیٰ[22] حسن[23] احمد[24] بہا[25] کے واسِطے

مدینہ

1 : یعنی اللہ تعالیٰ نے اُنہیں اچھی روزی عطا فرمائی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَارَسُوۡلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصۡحٰبِکَ یَاحَبِیۡبَ اللّٰہِ

بہرِ ابراھیم[۲۶] مجھ پر نارِ غم گلزار کر
بھیک دے داتا بِھکاری[۲۷] بادشَہ کے واسِطے

خانۂ دِل کو ضِیاء دے رُوئے ایماں کو جَمال
شہ ضیاء[۲۸] مولیٰ جمالُ الاولیاء[۲۹] کے واسِطے

دے محمد[۳۰] کے لیے روزی کر احمد[۳۱] کے لیے
خوانِ فضلُ اللہ[۳۲] سے حصہ گدا کے واسِطے

دِین و دُنیا کے مجھے بَرَکات دے بَرَکات سے
عشقِ حق دے عشقی[۳۳] عشقِ اِنتِمَا[1] کے واسِطے

حُبِّ اہلِ بیت دے آلِ محمد[۳۴] کے لیے
کر شہیدِ عشق، حمزہ[۳۵] پیشوا کے واسِطے

دِل کو اچھّا تَن کو سُتھرا جان کو پُر نُور کر
اچھّے پیارے شمسِ دیں بدرُ العُلیٰ کے واسِطے

دو[۲] جہاں میں خادِمِ آلِ رسولُ اللہ کر
حضرتِ آلِ رسولِ[۳۷] مُقتدا کے واسِطے

کر عطا احمد رضائے احمدِ مُرسَل مجھے
میرے مولیٰ حضرتِ احمد رضا[۳۸] کے واسِطے

پُرضِیاء کر میرا چہرہ حَشر میں اے کبریا
شَہ ضِیاءُ الدین[۳۹] پیرِ باصَفا کے واسِطے

اَحیِنَا فِی الدِّیۡنِ وَالدُّنۡیَا سَلَامٌ بِالسَّلَامِ[2]
قادِری عبدُالسلام[٤٠] عبدِ رضا کے واسِطے

عشقِ احمد میں عطا کر چشمِ تر سوزِ جگر
یاخُدا اِلیاس[٤١] کو احمد رضا کے واسِطے

صدقہ اِن اَعیاں کا دے چھ عَین عِز، عِلم و عمل
عَفْو و عِرفاں عافیت اِس بے نَوا کے واسِطے

۱: یعنی عشق کی نسبت رکھنے والے۔ ۲: یعنی ہمیں دین و دُنیا میں سلامتی عطا فرما۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

"آدابِ مُرشِدِ کامل"

کے بارہ حروف کی نسبت سے ۱۲ مَدَنی پھول

١ پیرِ کامل، سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کا نائب ہوتا ہے۔

٢ اس کے حُقُوق سرکارِ دو عالم صلی اللہ تعالیٰ علیہ واٰلہٖ وسلم کے حُقُوق کے پَرتَو ہوتے ہیں، جس سے پوری طرح عُہدہ بَرآ ہونا مُحال ہے یعنی کوئی مرید اپنے پیر کا حق ادا کر ہی نہیں سکتا، مگر حتَّی المقدور کوشش کرے۔

٣ مرشِد کا حق، باپ کے حق سے زیادہ ہے اِس لیے کہ "باپ پدرِ گِل اور پیر پدرِ دِل ہے" یعنی باپ مِٹّی کے جسم کا باپ ہے اور پیر روح کا باپ ہے۔

٤ مُرید کو جائز نہیں کہ کوئی کام اُس کی مرضی کے خلاف کرے۔

٥ اُس کے سامنے ہنسنا منع ہے۔

٦ اُس کی غیر موجودگی میں اس کی جگہ پر بیٹھنا منع ہے۔

٧ اُس کی مجلس میں دوسروں کی طرف متوجّہ ہونا اور بغیر اجازت بات کرنا منع ہے۔

٨ اُس کی اولاد کی تعظیم فرض ہے اگر چہ بے جا حال پر ہو۔

٩ اُس کے کپڑوں اور بچھونے کی تعظیم فرض ہے۔

١٠ اُس کی چوکھٹ کی تعظیم فرض ہے۔

١١ اُس سے اپنا کوئی حال چُھپانے کی اجازت نہیں۔

١٢ اپنی جان، مال سب کچھ پیر کی مِلک سمجھے اور اس کے سامنے خود کو بندۂ بے دام جانے۔ اس کے احکام جب تک صراحۃً اللہ ورسول عَزَّوَجَلَّ وَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ کے حکم کے خلاف نہ ہوں انھیں حکمِ خدا عَزَّوَجَلَّ اور حکمِ رسول صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمْ جانے۔

(ماخوذ از فتاویٰ رضویہ، ج 26، ص 563،562)

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

’’اَخلاقِ مُبلّغِ دعوتِ اسلامی‘‘ کے 19 حُرُوف کی نِسبت سے مَدَنی مشورے میں پڑھ کر سنانے کیلئے 19 مَدَنی پھول

(ہر مَدَنی **مشورے میں** ’’تلاوت ونعت‘‘ کے بعد ہر بار پڑھ کر سنایئے، اسلامی بہنیں ضَرورتاً ترمیم فرمالیں)

﴿1﴾ **مسلکِ اعلیٰ حضرت** پر مضبوطی سے قائم رہئے، علمائے اہلسنّت کا ادب کیجئے۔

﴿2﴾ ’’**تم سب نگران ہو** اور تم میں سے ہر ایک سے اُس کے ماتحت افراد کے بارے میں پوچھا جائیگا‘‘ (صحیح بخاری، حدیث 2554، ج2، ص159) ہر تنظیمی ذِمّے دار سے بھی بروزِ قِیامت ایک ایک ماتحت کے بارے میں باز پُرس ہوگی، حاکم نہیں خادِم بن کر رہئے اور اپنے دِل کو عاجزی کا خُوگر بنایئے

﴿3﴾ آپ کا منصب کر کے دِکھانا نہیں، فَقَط کوشِش کئے جانا ہے، **کامیابی دینے والی** ربِّ کائنات عزوجل کی **ذات** ہے۔

﴿4﴾ ہر مَدَنی (تنظیمی) کام کے آغاز میں (دل ہی میں سہی) دُعا کی عادت بنایئے، نظر ’’اسباب‘‘ پر نہیں **خالقِ اسباب** عزوجل پر رکھئے۔

﴿5﴾ گمبھیر مسئلہ آپڑے تو **صلوٰۃ الحاجات، صلوٰۃ الاسرار یا ختمِ غوثیہ** وغیرہ کا اہتمام فرمایئے، گِڑگِڑا کر دُعا مانگئے۔

﴿6﴾ **ایسوں** کو ڈُھونڈتے رہئے، جو پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے، ہفتے میں کم از کم ایک بچھڑے ہوئے اسلامی بھائی کو دوبارہ **مَدَنی ماحول** سے ضَرور وابستہ کیجئے۔ (یہاں وہ مُراد نہیں جن پر تنظیمی پابندی لگی ہو)۔

﴿7﴾ مِلنساری ’’**اِنفرادی کوشش**‘‘ کی رُوح ہے۔

﴿8﴾ انتہائی نرمی کے ساتھ گھر میں بھی **مَدَنی ماحول** بنایئے، اگر آپ کی سُنی جاتی ہے تو دیور و جیٹھ اور بھابھی کے پردے کو یقینی بنایئے، گھر کی **بے اِحتیاطیاں** باہَر آنے سے **دعوتِ اسلامی** کو بھی نقصان پہنچتا ہے۔

﴿9﴾ یہ شکایات عام ہیں کہ اسلامی بھائی ’’اِطاعت وتعاوُن نہیں کرتے‘‘، ’’الگ گروپ بنالیا ہے‘‘ وغیرہ، اِس کی بُنیادی وجہ بعض اوقات ذِمّے دار کی خود اپنی بے اِحتیاطیاں بھی ہوتی ہیں، مَثَلاً جو ذِمّے دار غُصیلا، باتُونی، ایک یا چند سے گہری دوستی رکھنے والا، رُوٹھے ہوؤں کو منانے کے بجائے اِن کی **غیبتیں** کرنے والا، تو تکار، اَبے تَبے، بازاری لہجے والا اور نرمی سے محروم ہوگا تو اُس کے علاقے میں شکایات ختم ہونے کے بجائے بڑھتی چلی جائیں گی۔

﴿10﴾ معمولی سی **بے اِحتیاطی** بھی کبھی کبھی بہت بڑے نقصان کا باعث بنتی ہے۔ اگر آپ واقعی مَدَنی کام کرنا چاہتے ہیں تو جب تک شریعت حکم نہ دے ہرگز کسی سُنّی کو اپنا مخالف مت بنایئے۔

﴿11﴾ آپ کی ایک ایک حَرَکت کو لوگ بغور دیکھتے ہوں گے لہٰذا کوئی ایسا کام مت کیجئے کہ **دعوتِ اسلامی** پر انگلی اُٹھے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصۡحٰبِکَ یَا نُوۡرَ اللّٰہِ

﴿12﴾ ایک طرف کی سُن کر کوئی **رائے** قائم مت کیجئے ، نہ ہی فیصلہ سنائیے ، فریقین کی الگ الگ سُن کر اور عَفْو و درگزر کے فضائل بیان کر کے نرمی پر آمادہ کرنے کے بعد پھر دونوں کو اِکٹھا بٹھا کر صُلح کروادیجئے۔

﴿13﴾ زَبان کی بے اِحتیاطی **مَدَنی ماحول** کیلئے غالباً سب سے زیادہ نقصان دِہ ہے۔ لہٰذا ڈانٹ ڈپٹ اور مسخرہ پن کیلئے خود پر پابندی لگائیے ، گفتگو کے اِشارے سیکھ لیجئے اور ضَرورتاً اس طرح کی تقسیم کر لیجئے مَثَلاً والِدَین سے نیز فون پر زَبان سے بات کروں گا ۔ جو چھوٹا بھائی مَدَنی ماحول میں ہے اُس سے اور فُلاں فُلاں اسلامی بھائی سے حتَّی الامکان اِشارے سے اور لکھ کر کام چلاؤں گا ۔ اِن شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ آہستہ آہستہ آپ سنجیدہ اور کم گو ہو جائیں گے ۔ پھر دیکھئے **مَدَنی ماحول** میں حُسنِ اَخلاق کے کیسے **مَدَنی پھول** کِھلتے ہیں ۔ اِس کیلئے مہینے میں کم از کم ایک بار رِسالہ ''قفلِ مدینہ'' اِجتماعی یا اِنفرادی طور پر پڑھنا اِن شاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ مفید رہے گا۔

﴿14﴾ ہر مہینے **مَدَنی قافِلے** میں سفر اور **مَدَنی اِنعامات** کا رسالہ ہر ماہ جمع کروانے میں ذِمّے داران کوتاہی کر کے اسلامی بھائیوں کی تنقید یا حوصلہ شکنی اور **دعوتِ اسلامی** کی ترقّی میں رُکاوٹ کا باعث نہ بنیں ۔

﴿15﴾ غَلَطی کرنے والے کی براہِ راست اصلاح کیجئے اور مسائل کا **تنظیمی ترکیب** سے حل نکالیے ، جب تک شرعاً واجِب نہ ہو جائے اُس وقت تک کسی کی غلطی دُوسرے کے آگے بیان کر کے بدگمانیوں ، غیبتوں ، چُغلیوں اور ایک دُوسرے کے عُیوب اُچھالنے کا بازار گرم کر کے اپنی آخرت اور **دعوتِ اسلامی** کے مدنی ماحول کے نقصان کا سبب نہ بنئے ۔

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! آیئے ہاتھوں ہاتھ کچھ اچھی اچھی نیتیں بھی کئے لیتے ہیں: ✿ غیبت کروں گا نہ سنوں گا ✿ چغلی نہیں کھاؤں گا ✿ کسی زِندہ یا (مُردہ) مسلمان کے اندر موجود خامی یا برائی کو بِلا اجازتِ شَرعی پیٹھ پیچھے بیان کر کے **غیبت** ، منہ پر بیان کر کے **دِل آزاری** اور جس نے بُرائی نہ کی ہو اِس کے باوُجود اُس کی طرف بُرائی منسوب کر کے **تُہمت** کا گناہ نہیں کروں گا۔ **سرکارِ مدینہ** صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم کا فرمانِ عبرت نشان ہے: ''**غیبت** ، طعنہ زَنی ، چُغل خوری اور بے گناہ لوگوں کے عیب تلاش کرنے والوں کو اللہ تعالیٰ (قِیامت کے دن) **کُتّوں** کی شکل میں اُٹھائے گا۔'' (الترغیب والترھیب، ج٣، ص٣٢٥) **چغلی کی تعریف:** کسی کی بات ضَرر (یعنی نقصان) پہنچانے کے اِرادے سے دُوسروں کو پہنچانا (عمدۃ القاری، تحت الحدیث ٢١٦، ج٢، ص٥٩٤) ✿ کسی کے بارے میں دل میں بُرا یقین کر لینے سے بچوں گا کہ یہ **بدگُمانی** ہے۔ اعلیٰ حضرت رَحْمَۃُ اللّٰہِ تَعَالٰی عَلَیْہِ فرماتے ہیں: خبیث گُمان (یعنی بدگمانی) خبیث دِل سے نکلتا ہے۔ (فتاوی رضویہ، ج 20، ص 231) ✿ جھوٹی **مُبالغہ آرائی ، خوشامد ، خود پسندی** (یعنی اپنی رائے کو ہی دُرُست سمجھنے) سے بچوں گا۔ **پارہ 27 سُورۂ نجم آیت: 32** میں ارشاد ہوتا ہے: ''**فَلَا تُزَكُّوٓا اَنْفُسَكُمْ**'' ترجمۂ کنزالایمان: تو آپ اپنی جانوں کو سُتھرا نہ بتاؤ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحٰبِکَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

پیارے آقا،مَدَنی مصطَفٰے ،مَکّی داتا،ہاشمی مولیٰ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہٖ وسلّم نے حضرت سیِّدُ ناثَعْلَبَہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فرمایا:''جب تم دیکھو کہ لالچ کی اِطاعت اور خواہش کی پیروی کی جاتی ہو نیز ہر رائے دینے والا اپنی ہی رائے کو پسند کرتا ہو تو (اُس وقت) تم اپنی فکر کرنا۔(ماخوذ از سنن ابی داؤد،اول کتاب الملاحم،باب الأمر والنھی،حدیث4341،ج4،ص164)

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! مَدَنی مشوروں بلکہ ہر ہر معاملے میں بَہُت سوچ سمجھ کر بات کیجئے ،**غیبتیں** وغیرہ کر کے اپنی اور دُوسروں کی آخِرت خطرے میں مت ڈالئے ۔اگر شَرعی اِجازت سے کسی ذِمّے دار کو کسی کی کوئی **مَنْفی** (NEGATIVE) **بات** (یعنی کوئی کمزوری وغیرہ) بتانی بھی پڑے تو صِرف اُسی ایک فرد کو بتایئے،ذِمّے دار بھی کسی اور کو بتائے بِغیر تنہا اُس مسئلے کو حل کرے۔ایک بھی زائد فرد تک (چاہے وہ کیسا ہی تنظیمی ذِمّے دار یا کتنا ہی قریبی راز دار ہو) کسی کی وہ ''مَنْفی بات'' بِلا اجازتِ شَرعی پہنچانے والا گنہگار اور عذابِ نار کا حقدار ٹھہرے گا۔**اَلْعِیاذُ بِاللّٰہِ تَعالٰی** ﴿16﴾ جو چندہ جس مَدّ یعنی عُنوان کے تَحت لیا اُسی میں خَرْچ کرنا واجِب ہے مَثَلاً مسجِد کے نام پر لیا ہوا چندہ مدرَسے اور دیگر نیک کاموں پر خَرْچ کر دیا تو **توبہ** کے ساتھ ساتھ **تاوان** (یعنی جتنا خَرْچ کیا وہ پلّے سے) ادا کرنا پڑیگا۔لہٰذا چندہ لیتے وقت اُس کے اصل مالِک سے کہئے:''**یہ رقم ہمیں ہر نیک کام میں خَرْچ کرنے کی اجازت دے دیجئے**''، زکوٰۃ و فطرہ لیتے وقت ہر نیک کام میں خَرْچ کرنے کی اجازت مت لیجئے کیوں کہ اِس کے مستحق کو مالک بنانا شرط ہے۔ بِلا حیلۂ شَرعی مسجِد یا مدرَسے کی تعمیر و مدرِّسین کی تنخواہ وغیرہ میں استِعمال نہیں کر سکتے۔(جو چندہ مدنی مرکز کے لئے لیا یا دیا گیا وہ مَدَنی مرکز میں ہی جمع کرانا ہوگا) ﴿17﴾ جس اسلامی بھائی سے **زکوٰۃ و فطرے** کا حیلہ کیا اُس کو مالک بنا دینا ضَروری ہے۔وہ اسلامی بھائی بھی عَطِیّہ دیتے وقت کُلّی اختیارات والے مذکورہ الفاظ میں اجازت دے اگر وہ الفاظ نہ کہے بلکہ مَثَلاً اُس نے دیتے وقت یہ کہا:''یہ رقم فیضانِ مدینہ کی تعمیر میں لگا دیجئے''تو اب یہ حیلے والی رقم بھی اس کے علاوہ کسی اور کام میں خَرْچ کریں گے تو گنہگار ہوں گے ﴿18﴾ مسجِد،مدرَسے یا کسی بھی سماجی اِدارے کی اسٹیشنری، فون اور بجلی وغیرہ کا **ذاتی استِعمال** نہیں کر سکتے۔ہاں عُرف کے مطابِق جو بتّی روشن ہے، اُس کی روشنی سے اِستِفادہ کر سکتے ہیں ﴿19﴾ خُدّامِ مسجد و مدرَسہ ضَرورت سے **زائد بتّی پنکھا** نہ چلائیں اور وقت پورا ہوتے ہی فوراً بند کر دیں۔بِلا اجازتِ شَرعی تاخیر کریں گے تو گنہگار ہوں گے۔ہر ایک کو اِن باتوں کا ہر جگہ بلکہ اپنے گھر میں بھی خیال رکھنا چاہیے۔

آخِر میں اپنی نیّت کی اصلاح کے ساتھ 3 بار یہ پڑھیں اور سارے دُوہرائیں۔**مجھے اپنی اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے اِنْ شَاءَ اللّٰہ** عَزَّوَجَلَّ۔اپنی اصلاح کی کوشش کے لئے **مَدَنی اِنعامات** پر عمل اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشِش کے لئے **مَدَنی قافِلوں** میں سفر کرنا ہے۔

میں بھی ان مدنی کاموں پر عمل کی نیت کرتا ہوں،آپ بھی نیّت فرمالیجئے اور زور سے کہیے اِنْ شَاءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

مرکزی مجلسِ شورٰی (دعوتِ اسلامی)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ؕ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ؕ

مَدَنی مشورے کے ۹ ا مَدَنی پھول (ذمّے داران کیلئے)

مدینہ ۱ حتَّی الامکان دن میں مَدَنی مشورہ کیجئے ۔ ابتداء تلاوت ونعت اور انتہا صلوٰۃ وسلام اور دعا پر ہو۔

مدینہ ۲ مَدَنی مشورے کے آغاز واختتام کیلئے گھڑی کا وقت دیجئے ۔ مَثَلاً دوپہر تین تا چار بجکر ۱۲ منٹ ۔

مدینہ ۳ مَدَنی مشورہ وقت پر شروع ہو اور ختم ہو اس کا پورا خیال رکھئے ۔

مدینہ ٤ مَدَنی مشورہ (سخت مجبوری نہ ہو تو) مسجِد ہی میں کیجئے اور اپنی مسجِد کو آباد رکھنے کا ذہن بنائیے ۔

مدینہ ٥ مدنی مشورے کے نِکات (ایجنڈہ نہ کہیں) پہلے سے طے ہوں خَلْطِ مَبْحَث مت کیجئے یعنی نِکات سے ہٹ کر کوئی بات نہ ہو۔

مدینہ ٦ نگرانِ مشاورت (یا ہر وہ ذِمّے دار جس نے مَدَنی مشورے کیلئے اسلامی بھائیوں کو طلب کیا ہے) ممکن ہو تو دلجوئی اور ثواب کمانے کی نیت سے ہر آنیوالے کا اُٹھ کر پُرتپاک طریقے پر خیر مَقْدَم کرے جبکہ کوئی مانعِ شَرْعی نہ ہو۔ ''اَمْرَد'' نہ ہو تو مُعانَقہ بھی کرے۔ ''عزّت کروگے تو عزّت پاؤگے''۔

مدینہ ۷ تاخیر سے آنیوالے کو (اگرچِہ وہ تاخیر کا عادی ہو) جارِحانہ فِقرے کَس کر شرمندہ نہ کیجئے ۔ مَثَلاً کہنا، ''یار کبھی تو وقت پر آجایا کرو!، ذرا گھڑی دیکھ لیجئے!، آپ نے بَہُت دیر لگادی!'' وغیرہا۔ اب ہوسکتا ہے گھر میں کہیں اور کوئی ناخوشگوار مُعاملہ سببِ تاخیر ہو! اور سب کے سامنے ٹوکنے کی وجہ سے اُس کا ایک دم دل ٹوٹ جائے اور معاذ اللہ جذبات میں آکر اپنی آخِرت کا نقصان کر بیٹھے۔ ہاں تنہائی میں اَحْسن طریقے پر وقت کی پابندی کے بارے میں سمجھانے میں حَرَج نہیں۔

مدینہ ۸ سب کی ''حاضِری'' لیجئے ۔ جو جو غیر حاضِر ہوں اُن کے نام چِٹّھی بھیج کر یا ملکر غیر حاضِری کا سبب معلوم کیجئے اگر سُستی مانِع رہی ہوگی تو ان شاء اللہ عزوجل چُستی کا سامان ہوگا۔ اگر ناراضی غیر حاضِری کا سبب بنی ہو تو راضی کرنے کی سَعی فرمائیے۔

مدینہ ۹ مَدَنی مشورے میں از ابتِدا تا انتِہا، سنجیدہ ماحول برقرار رکھنا لازِمی لازِمی اور لازِمی ہے۔

مدینہ ۱۰ مَدَنی مشورے کے درمیان ہنسی مذاق، طنز، ایک دوسرے پر چیخنا، اَبے تَبے اور تُو تُکار کرنا، قہقہے بُلند کرنا، جو کام میں سُست ہو اُس کو جھاڑنا وغیرہ دعوتِ اسلامی کے مَدَنی ماحول کیلئے تباہ کُن ہے ۔ بلکہ ہر وقت غیر اخلاقی حرکت سے بچنا ضَروری ہے۔

مدینہ ۱۱ کسی کا چاہے کیسا ہی غیر واجبی مشورہ ہو غور سے سنئے۔ ہنسی مت اُڑائیے ۔ کسی ایک پر خُصوصی شفقت کے بجائے سب پر یکساں توجُّہ دیجئے اور سبھی سے مشورہ طلب کیجئے تاکہ حوصلہ افزائی کا سامان ہو۔ ہر معاملہ اتفاق رائے سے طے کیجئے ہاں شرعی مُعامَلہ ہو تو علماءِ کرام سے معلوم کرکے فائنل کیجئے ۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیْكَ یَارَسُوْلَ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ یَاحَبِیْبَ اللّٰہِ

مدینہ ۱۲ انداز جارِحانہ نہ ہو بلکہ سمجھانے والا ہو۔ جارِحانہ کی مثالیں: مثلاً کسی نے بھول کی تو اس کو سمجھانے کیلئے ''سخت لہجے میں یوں کہنا، ''یہ کیوں کیا؟'' آپ میں اتنی عقل نہیں! سوچو تو سہی آپ نے کیا کرڈالا!، آپ نے تو یار بالکل ٹونڈا ہی کر دیا۔'' وغیرہا۔ سمجھانے والے انداز کی مثالیں: (نرم لہجے میں) ''آپ فلاں کام یوں کرتے تو خوب تھا، برائے کرم فُلاں کام اس طرح کیجئے فُلاں اس طرح کرتے تو مدینہ مدینہ ہو جاتا وغیرہ وغیرہ۔

مدینہ ۱۳ خواہ آپکا کتنا ہی بے تکلُّف اسلامی بھائی ہو، اُس کے ساتھ ''آپ جناب'' ہی سے بات کیجئے ۔ ''تُو تکار'' اور ''ابے تبے'' والا بازاری انداز آپ کا وقار مجروح کر کے بے اِطاعتی کا بازار گرم کر دیگا۔

مدینہ ۱۴ ''میری اِطاعت نہیں کرتے''۔ وغیرہ جلے کٹے جملے کہنے اور بَڑبَڑانے سے کوئی مُطیع نہیں ہو جاتا۔ اپنے اندر اَخلاقی اَوصاف پیدا کیجئے، کسی ایک یا چند کے ہو رہنے کے بجائے ہر ایک پر شفقتیں اُنڈیلنا شروع فرمایئے پھر دیکھئے کس طرح دیوانے مثلِ پروانہ آپ پر جھوم کر ٹوٹتے اور آپ کا ہر حکم سر آنکھوں پر لیتے ہیں

مدینہ ۱۵ ہرگز کسی پر احسان نہ جتایئے اس سے لوگ بدظن ہوتے ہیں۔ مثلاً اِس طرح کہنا: ''میرا اِحسان مانو تمہیں مدنی ماحول کے اندر میں تو لایا ہوں۔''

مدینہ ۱۶ اپنی تنظیمی قربانیوں کے تذکرے کرنے، اپنے واقِعات یا اپنے فضائل بیان کرنے یعنی اپنے منہ میاں مٹّھو بننے سے اچّھا تاثُر قائم نہیں ہوتا۔ (بُزُرگانِ دین (رحمہم اللہ تعالٰی) نے تحدیثِ نعمت یا ماتحتوں کی ترغیب کیلئے جو ملفوظات فرمائے ہیں) ان کو دلیل نہ بنایئے اور انکو اپنے اوپر قیاس مت کیجئے۔

مدینہ ۱۷ اگر نگرانِ مشاورت یا ذمّے دار پر کوئی اعتِراض کر دے تو چاہئے کہ توجُّہ سے سنے، مُعتَرِض کی بات کاٹ کر ''پھول برسانا'' شروع نہ کر دے۔ جب وہ کہہ چکے تو لاکھ غصّہ آرہا ہو اُس کو دَبائے، چِہرے یا الفاظ و انداز سے غصّے کا اِظہار نقصان دِہ ثابت ہو سکتا ہے۔ اگر فوری وَضاحت ضَروری نہ ہو تو بعد کا وقت دیدے مگر دیئے ہوئے وقت پر اُس کو مطمئن کرے یا اپنی غَلَطی ہو تو بِلا جھجک مُعافی مانگ لے۔

مدینہ ۱۸ جب تک آپ پر شَرعاً واجِب نہ ہو جائے اُس وقت تک اپنے یا دیگر مُمالِک کے داخِلی و سیاسی مُعاملات پر تنقید سے اجتِناب فرمایئے۔

مدینہ ۱۹ مَدَنی کام بڑھانے کیلئے بد مذہبوں کے کسی کام کی تعریف یا اُن کی مثالیں دینے کے بجائے آیات و احادیثِ مبارکہ اور اپنے بُزُرگوں رحمہم اللہ تعالٰی کے واقِعات ہی سنایئے۔

مَدَنی التجاء: ہر ذمّے دار کو چاہئے کہ ہر مَدَنی ماہ کی پہلی پیر شریف کو یہ مَدَنی پھول پڑھ لیا کرے۔

مرکزی مجلس شوریٰ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

بُزُرگانِ دِین کے ایام وِصال واَعراس

نام ولقب	تاریخ وماہ	سن	مزار شریف
امیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدُ نا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالی عنہ	۲۲ جمادی الاخری	سـ۱۳ـھ	مدینۂ مُنَوَّرہ
امیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدُ نا عمر فاروق اعظم رضی اللہ تعالی عنہ	یکم محرم الحرام	سـ۲۳ـھ	مدینۂ مُنَوَّرہ
امیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدُ نا عثمانِ غنی رضی اللہ تعالی عنہ	۱۸ ذوالحجۃ الحرام	سـ۳۵ـھ	جنت البقیع
امیرُ الْمُؤمِنِین حضرتِ سیِّدُ نا علی المرتضٰی کَرَّمَ اللّٰہُ تعالٰی وَجْہَہُ الْکَرِیْم	۲۱ رمضان المبارک	سـ۴۰ـھ	نجف (عراق)
حضرتِ سیِّدُ نا امیر حمزہ رضی اللہ تعالی عنہ	۷ شوال المکرم	سـ۳ـھ	جبلِ احد (مدینہ منورہ)
حضرتِ سیِّدُ نا بلالِ حبشی رضی اللہ تعالی عنہ	۲۱ محرم الحرام	سـ۲۰ـھ	دمشق (شام)
حضرتِ سیِّدُ نا خالد بن ولید رضی اللہ تعالی عنہ	۲۸ جمادی الاولی	سـ۲۱ـھ	حمص (شام)
حضرتِ سیدنا عباس بن عبد المطلب رضی اللہ تعالی عنہ	۱۴ رجب المرجب	سـ۳۲ـھ	جنت البقیع
حضرتِ سیِّدُ نا سلمان فارسی رضی اللہ تعالی عنہ	۱۰ رجب المرجب	سـ۳۵ـھ	مدائن (عراق)
حضرتِ سیِّدُ نا زبیر بن عوام رضی اللہ تعالی عنہ	۱۱ جمادی الاخری	سـ۳۶ـھ	عراق
حضرتِ سیِّدُ نا امام حسن مجتبٰی رضی اللہ تعالی عنہ	۵ ربیع النور شریف	سـ۴۹ـھ	جنت البقیع
حضرتِ سیِّدُ نا امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ	۱۵ رجب المرجب	سـ۶۰ـھ	دمشق (شام)
حضرتِ سیِّدُ نا امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ	۱۰ محرم الحرام	سـ۶۱ـھ	کربلائے معلی (عراق)
حضرتِ سیِّدُ نا اویس قرنی علیہ رَحمۃُ اللہ الغنی	۱۷ ربیع النور شریف	سـ۳۷ـھ	دمشق (شام)
حضرتِ سیِّدُ نا امام جعفر صادق علیہ رحمۃ اللہ الرازق	۱۵ رجب المرجب	سـ۱۴۸ـھ	جنت البقیع
حضرتِ سیِّدُ نا عبد اللہ شاہ غازی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الھادی	۲۰ ذوالحجۃ الحرام	سـ۱۵۱ـھ	کلفٹن، باب المدینہ (کراچی)
حضرتِ سیِّدُ نا امام اعظم ابوحنیفہ نعمان بن ثابت رَحمۃُ اللہ تعالی علیہ	۲ شعبان المعظم	سـ۱۵۰ـھ	بغداد شریف
حضرتِ سیِّدُ نا امام مالک بن انس علیہ رَحمۃُ اللہ الخالق	۱۴ ربیع النور شریف	سـ۱۷۹ـھ	جنت البقیع
حضرتِ سیِّدُ نا امام محمد بن ادریس شافعی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	یکم شعبان المعظم	سـ۲۰۴ـھ	قرافۃ الصغری (مصر)
حضرتِ سیِّدُ نا امام احمد بن حنبل رحمۃُ اللہ تعالی علیہ	۱۲ ربیع النور شریف	سـ۲۴۱ـھ	بغداد شریف
حضرتِ سیِّدُ نا امام محمد بن اسماعیل بخاری علیہ رَحمۃُ اللّٰہِ الباری	یکم شوال المکرم	سـ۲۵۶ـھ	بخارا (ازبکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا داتا گنج بخش سید علی ہجویری حنفی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲۰ صفر المظفر	سـ۴۶۵ـھ	مرکز الاولیاء (لاہور)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ   وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ يَاحَبِيْبَ اللّٰهِ

حضرتِ سیّدُ ناامام محمد بن محمد بن محمد غزالی شافعی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الوالی	۱۴ جمادی الاخری	سنہ ٥٠٥ھ	طوس(ایران)
حضرتِ غوثِ اعظم سید عبدالقادر جیلانی علیہ رَحمَۃُ اللّٰہ الغنی	۱۱ ربیع الغوث شریف	سنہ ٥٦١ھ	بغدادشریف
حضرت سلطان سخی سرور سید احمد سہروردی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲۲ رجب المرجب	سنہ ٥٧٧ھ	ڈیرہ غازی خان
حضرت سیدنا خواجہ معین الدین سید حسن اجمیری حنفی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۶ رجب المرجب	سنہ ٦٢٧ھ	اجمیر شریف(ہند)
حضرتِ سیّدُ نا شیخ شہاب الدین عمر سہروردی شافعی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	یکم محرم الحرام	سنہ ٦٣٢ھ	بغدادشریف
حضرتِ سیّدُ ناخواجہ قطب الدین بختیار کاکی علیہ رَحمَۃُ اللّٰہ الکافی	۱۴ ربیع النور شریف	سنہ ٦٣٣ھ	مہرولی شریف(ہند)
حضرتِ سیّدُ ناشیخ محمد بہاؤالدین زکریا ملتانی قُدِّسَ سرُّہُ النُّورانی	۷ صفر المظفر	سنہ ٦٦١ھ	مدینۃ الاولیاء(ملتان)
حضرتِ سیّدُ نافریدالدین گنج شکر حنفی علیہ رحمۃُ اللّٰہ القوی	۵ محرم الحرام	سنہ ٦٦٨،٦٦٩ھ	پاکپتن پنجاب(پاکستان)
حضرتِ سیّدُ نالعل شہباز قلندر علیہ رَحمَۃُ اللّٰہِ الاکبر	۱۸ شعبان المعظم	سنہ ٦٧٣ھ	سیہون، باب الاسلام(سندھ)
حضرتِ سیّدُ ناخواجہ نظام الدین اولیاء دہلوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۳ ربیع الغوث شریف	سنہ ٧٢٥ھ	دہلی(ہند)
حضرتِ سیّدُ ناشاہ رکن عالم علیہ رَحمَۃُ اللّٰہ الاکرم	۷ جمادی الاولیٰ	سنہ ٧٣٥ھ	مدینۃ الاولیاء(ملتان)
حضرتِ خواجہ سید بہاؤالدین نقشبند علیہ رَحمَۃُ اللّٰہ الاحد	۳ ربیع النور شریف	سنہ ٧٩١ھ	بخارا(ازبکستان)
حضرتِ سیّدُ نامخدوم سید اشرف جہانگیر سمنانی قُدِّسَ سرُّہُ النُّورانی	۲۷ محرم الحرام	سنہ ٨٠٨ھ	کچھوچھہ شریف(ہند)
حضرت سیدنا شاہ عالم رحمۃاللّٰہ تعالیٰ علیہ	۱۷ ذوالقعدۃالحرام	سنہ ٨١٧ھ	احمد آباد(ہند)
حضرت سیدنا پیر مخدوم ماہم رحمۃاللّٰہ تعالیٰ علیہ	۸ جمادی الاخری	سنہ ٨٣٥ھ	بمبئی(ہند)
حضرت شاہ یقیق رحمۃاللّٰہ تعالیٰ علیہ	۱۱ ربیع الثانی	سنہ ٨٥٥ھ	شاہ بندر(ٹھٹھہ)
امام محمود بن احمد بدرالدین عینی حنفی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الغنی	۴ ذوالحجۃ الحرام	سنہ ٨٥٥ھ	مصر
حضرتِ سیّدُ ناامام محمد بن سلیمان جزولی مالکی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۶ ربیع النور شریف	سنہ ٨٧٠ھ	ریاض العروس(مراکش)
حضرتِ سیّدُ ناعبدالرحمٰن جامی قُدِّسَ سرُّہُ السّامی	۱۸ محرم الحرام	سنہ ٨٩٨ھ	ہَرات(افغانستان)
حضرتِ سیّدُ ناامام جلال الدین سیوطی شافعی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۹ جمادی الاولیٰ	سنہ ٩١١ھ	اسیوط(مصر)
حضرتِ سیّدُ نامجدد الف ثانی حنفی قُدِّسَ سرُّہُ النُّورانی	۲۸ صفر المظفر	سنہ ١٠٣٤ھ	سرہند شریف(ہند)
حضرتِ سیّدُ نامیاں محمد میر شاہ فاروقی لاہوری علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۷ ربیع النور شریف	سنہ ١٠٤٥ھ	مرکز الاولیاء لاہور(پاکستان)
حضرتِ سیّدُ ناشیخ عبدالحق محدث دہلوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲۲ ربیع النور شریف	سنہ ١٠٥٢ھ	دہلی(ہند)
حضرتِ سیّدُ ناسخی محمد سلطان باہو رحمۃُ اللّٰہ تعالیٰ علیہ	یکم جمادی الاخری	سنہ ١١٠٢ھ	شورکوٹ، پنجاب(پاکستان)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلَیۡکَ یَا نَبِیَّ اللّٰہِ وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصۡحٰبِکَ یَا نُوۡرَ اللّٰہِ

حضرتِ سیِّدُ نا امام بری شاہ عبداللطیف قادری علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۴ جمادی الاولی	١١١٧ھ	اسلام آباد
حضرتِ سیِّدُ نا ملا جیون شیخ احمد صدیقی امیٹھوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۸ ذو القعدۃ الحرام	١١٣٠ھ	امیٹھی (ہند)
حضرتِ سیِّدُ نا شاہ برکت اللہ مارہروی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۰ محرم الحرام	١١٤٢ھ	مارہرہ شریف (ہند)
حضرتِ سیِّدُ نا شاہ عبداللطیف بھٹائی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الھادی	۱۲ صفر المظفر	١١٦٥ھ	بھٹ، باب الاسلام (سندھ)
حضرتِ سیِّدُ نا مخدوم محمد ہاشم قادری ٹھٹوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۶ رجب المرجب	١١٧٤ھ	مکلی ٹھٹھہ، باب الاسلام (سندھ)
حضرتِ بابا بُلھے شاہ سید عبداللہ شاہ قادری رحمۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ	۶ صفر المظفر	١١٨١ھ	قصور (پاکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا خواجہ محکم الدین سیرانی قُدِّسَ سِرُّہُ النُّورانی	۵ ربیع الغوث شریف	١١٩٧ھ	سمہ سٹہ بہاولپور (پاکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا محمد شاہ دولہا سبزواری علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الباری	۱۷ ربیع الغوث شریف	٧٠١ھ	باب المدینہ کراچی
حضرتِ سیِّدُ نا خواجہ نور محمد مُہاروی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الباری	۳ ذو الحجۃ الحرام	١٢٠٥ھ	چشتیاں (پاکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا علامہ فضل حق خیر آبادی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الھادی	۱۲ صفر المظفر	١٢٤٤ھ	جزائر انڈیمان
حضرت علامہ سیِّد محمد امین ابنِ عابدین شامی حنفی قُدِّسَ سِرُّہُ السّامی	۲۱ ربیع الغوث شریف	١٢٥٢ھ	دمشق (شام)
حضرتِ سیِّدُ نا پیر پٹھان خواجہ محمد سلیمان تونسوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۷ صفر المظفر	١٢٦٧ھ	تونسہ شریف، (پاکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا خاتم الاکابر شاہ آلِ رسول مارہروی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۸ ذو الحجۃ الحرام	١٢٩٦ھ	مارہرہ شریف (ہند)
حضرتِ سیِّدُ نا شمس العارفین خواجہ شمس الدین سیالوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲۴ صفر المظفر	١٣٠٠ھ	سیال شریف، (پاکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا حاجی وارث علی شاہ علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲ صفر المظفر	١٣٠٧ھ	دیوہ شریف (ہند)
حضرتِ سیِّدُ نا شیخ ابوالحسین احمد نوری مارہروی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۱ رجب المرجب	١٣٢٤ھ	مارہرہ شریف (ہند)
حضرتِ سیِّدُ نا میاں محمد بخش قادری علیہ رَحمَۃُ اللّٰہِ القوی	۷ ذو الحجۃ الحرام	١٣٢٤ھ	کھڑی شریف (کشمیر)
حضرتِ مولانا حسن رضا خان حسن علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن	۲۲ رمضان المبارک	١٣٢٦ھ	بریلی شریف (ہند)
اعلیٰ حضرت امام احمد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن	۲۵ صفر المظفر	١٣٤٠ھ	بریلی شریف (ہند)
حضرتِ شیخ المشائخ سید علی حسین اشرفی میاں رحمۃُ اللّٰہ تعالٰی علیہ	۱۱ رجب المرجب	١٣٥٥ھ	کچھوچھہ شریف (ہند)
حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی حنفی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲۹ صفر المظفر	١٣٥٦ھ	گولڑہ شریف، (پاکستان)
حضرتِ سیِّدُ نا خواجہ غلام حسن پیر سواگ رحمۃُ اللّٰہ تعالٰی علیہ	۱۳ جمادی الاولی	١٣٥٨ھ	سواگ شریف (پاکستان)
حضرت پیر سید جماعت علی شاہ لاثانی قُدِّسَ سِرُّہُ الرَّبّانی	۲۶ شعبان المعظم	١٣٥٨ھ	علی پور سیداں (پاکستان)
شہزادۂ اعلیٰ حضرت مولانا حامد رضا خان علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن	۱۷ جمادی الاولی	١٣٦٢ھ	بریلی شریف (ہند)
صدر الشریعہ حضرتِ مولانا امجد علی اعظمی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۲ ذو القعدۃ الحرام	١٣٦٧ھ	گھوسی (ہند)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ يَارَسُوْلَ اللّٰهِ وَعَلٰى اٰلِكَ وَاَصْحٰبِكَ يَاحَبِيْبَ اللّٰهِ

صدالافاضل سید محمد نعیم الدین مرادآبادی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الھادی	۱۹ ذوالحجۃ الحرام	۱۳۶۷ھ	مرادآباد (ہند)
امیرملت پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پوری رحمۃُ اللّٰہِ تعالٰی علیہ	۲۷ ذوالقعدۃ الحرام	۱۳۷۰ھ	علی پورسیداں (پاکستان)
ابوعطار حاجی عبدالرحمٰن علیہ رحمۃُ الرَّحمٰن	۱۴ ذوالحجۃ الحرام	۱۳۷۰ھ	عرب شریف
تاج العلماء پیرسید محمد میاں مارہروی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ الباری	۲۴ جمادی الاخری	۱۳۷۵ھ	مارہرہ شریف (ہند)
محدث اعظم ہند مولانا سید محمد کچھوچھوی علیہ رحمۃُ اللّٰہِ القوی	۱۶ رجب المرجب	۱۳۸۱ھ	کچھوچھہ شریف (ہند)
حضرت محدثِ اعظم پاکستان علامہ سردار احمد علیہ رَحْمَۃُ اللّٰہ الاحد	یکم شعبان المعظم	۱۳۸۲ھ	سردارآباد (فیصل آباد)
